www.KitaboSunnat.com

بعد جب دعائیں شروع کریں پھر حرکت دینا چاہئے۔ مسنون عمل کون سا ہے ؟ اسی طرح دو سجدوں کے درمیان بھی حرکت دینی چاہئے ؟

سوال: ظاہر یہ ہے کہ تشہد میں اُنگلی کو حرکت شروع سے دے۔ حدیث کے لفظ یحرّکھا کا تقاضا بھی ہے کہ اسے سلام پھیرنے تک حرکت دیتا رہے۔ مولانا عبدالرحمن مبارکپوریؒ فرماتے ہیں:

"ظاهر الأحاديث يدلّ على الإشارة من ابتداء الجلوس" (تحفۃ الاحوذی: ۲/ ۱۸۵)

"احادیث کی ظاہری دلالت تو یہی ہے کہ تشہد میں بیٹھنے کی ابتدا سے ہی اشارہ کیا جائے"

پھر يدعو بها (انگلی کے اشارے سے دعا کرتے) کا مفہوم بھی یہی ہے ...... سجدوں کے درمیان اشارہ والی حدیث عبدالرزاق نے المُصنَّف (۲/ ۶۸) اور اس سے احمد (۴/ ۳۱۷) نے اور طبرانی نے معجم کبیر (۲۲/ ۳۳) میں ذکر کیا ہے۔ اس روایت کے راوی وائل بن حجر ہیں۔ لیکن اس بارے میں وائل کی جملہ روایات اس کے خلاف ہیں اور جن دوسرے صحابہ نے نبی ﷺ کی نماز کی حالت بیان کیا ہے، ان کی روایات بھی وائل کی اس روایت کے خلاف ہیں۔ ان کے مطلق اور مقید الفاظ کا تعلق تشہد کی بیٹھک سے ہے۔ پھر علامہ بکر بن عبداللہ ابوزید فرماتے ہیں:

"علماءِ سلف میں سے کسی نے سجدوں کے درمیان اشارہ کرنے کی صراحت نہیں کی اور نہ کسی نے اس کے متعلق کوئی عنوان قائم کیا ہے اور مسلمانوں کا مسلسل عمل سجدوں کے درمیان اشارہ نہ کرنا اور انگلی کو حرکت نہ دینا ہے"

امام بیہقی نے السنن الکبریٰ (۲/ ۱۳۱) میں اس حدیث کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے۔ شیخ الاسلام ابن باز اور علامہ البانی رحمہما اللہ نے کہا کہ

"عبدالرزاق کی یہ روایت ثوری عن عاصم به سے ہے جس میں عبدالرزاق، ثوری سے متفرد ہے اور محمد بن یوسف فریابی اس کا مخالف ہے جبکہ وہ ہمہ وقت ثوری کے ساتھ رہے۔ انہوں نے حدیث کے آخر میں سجدہ مذکور کا ذکر نہیں کیا۔ عبداللہ بن الولید نے محمد کی متابعت کی ہے۔ حدیث کے آخر میں یہ زیادتی ثُمّ سَجَدَ عبدالرزاق کے وہموں سے ہے۔ روایات اس بات پر متفق ہیں کہ اشارہ کا تعلق پہلے اور دوسرے تشہد کے بیٹھنے سے ہے" (تمام المنة: ۱/ ۲۱۴ تا ۲۱۷، السلسلة الصحيحة (۵/ ۳۰۸ تا ۳۱۴ حدیث نمبر ۲۲۴۷، ۲۲۴۸)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو کتاب لاجديد فى أحكام الصلاة، ص ۳۸ تا ۴۶ از علامہ بکر بن عبداللہ ابوزید۔

☆ سوال: ایک آدمی کا نکاح ہوا لیکن لڑکی کی رخصتی سے قبل ہی آدمی فوت ہوگیا۔ کیا وہ لڑکی آدمی کی وراثت کی حقدار ہے اور اگر وہ کہیں اور نکاح کرلیتی ہے پھر بھی وہ وراثت کے حقدار ہوگی ؟

جواب: نکاح کے بعد اور رخصتی سے پہلے اگر شوہر فوت ہوجائے تو بیوی اس کے ترکہ سے ورثہ کی حقدار ہے اور بعد میں عورت اگر دوسری جگہ نکاح کرلے پھر بھی حقدار ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ